## NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

**Subject:-** **REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON NARCOTIC CONTROL ON THE CONTROL OF NARCOTIC SUBSTANCES (AMENDMENT) BILL, 2020**

I, Chairman of the Standing Committee on Narcotics Control have the honor to present this report on the Bill further to amend the Control of Narcotics Substances Act, 1997 (XXV of 1997), [ The Control of Narcotics Substances (Amendment) Act, 2020 ] (Private Member's Bill) referred to the Committee on 30th April, 2019.

2. The Committee comprises the following:-

| | | |
|---|---|---|
| (1) | **Mr. Salahuddin Ayubi** | **Chairman** |
| (2) | Mr. Gul Dad Khan | Member |
| (3) | Mr. Muhammad Iqbal Khan | Member |
| (4) | Mr. Mansoor Hayat Khan | Member |
| (5) | Chaudhry Zulfiqar Ali Bhindar | Member |
| (6) | Mr. Muhammad Ameer Sultan | Member |
| (7) | Mr. Waheed Alam Khan | Member |
| (8) | Rana Mubashir Iqbal | Member |
| (9) | Mr. Ehsan Ul Haq Bajwa | Member |
| (10) | Mr. Abdul Majeed Khan | Member |
| (11) | Sardar Muhammad Khan Leghari | Member |
| (12) | Makhdoom Jameel Uz Zaman | Member |
| (13) | Ms. Nuzhat Pathan | Member |
| (14) | Mir Ghulam Ali Talpur | Member |
| (15) | Ms. Andleeb Abbas | Member |
| (16) | Mr. Ehsanullah Reki | Member |
| (17) | Ms. Uzma Riaz | Member |
| (18) | Ms. Shahida Akhtar Ali | Member |
| (19) | Ms. Nusrat Wahid | Member |
| (20) | Mr. Mohsin Dawar | Member |
| (21) | Minister for Narcotics Control | Ex-officio Member |

3. The Committee considered the Bill as Introduced in the National Assembly placed at **Annexure-A**, in its meetings held on 17-10-2019 and 15-01-2020. The Committee recommends that the Bill as introduced may not be passed by the National Assembly.

-Sd/-

**(MOLANA SALAHUDDIN AYUBI)**
Chairman
Standing Committee on Narcotics Control

-Sd/-

**(TAHIR HUSSAIN)**
Secretary
Islamabad, the 15th September, 2020

## (AS REPORTED BY THE STANDING COMMITTEE)

**A**

**BILL**

further to amend the Control of Narcotic Substances Act, 1997

**WHEREAS** it is expedient further to amend the Control of Narcotic Substances Act, 1997 (No. XXV of 1997), for the purposes hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follow :-

1. **Short title and commencement:** - (1) This Act may be called the Control of Narcotic Substances (Amendment) Act, 2019.

(2) It shall come into force at once.

2. **Amendment of section 9, Act XXV of 1997.** – In the Control of Narcotic Substances Act, 1997, in section 9, -

(a) in clause (a), in the end after the word "less" the expression "in case of Heroin (Including Amphetamine/ICE and other forms of Heroin) ranging from one gram up to one hundred gram grams, possessing, manufacturing or while trafficking through airports/by air, by sea or by road, it shall be a non-bailable offence punishable with imprisonment not less than ten years, and shall also be liable to fine which shall not be less than fifteen hundred thousand". shall be added.

(b) in clause (b), in the end after the word "Kilo gram" the expression "in case of Heroin (Including Amphetamine / ICE and other forms of Heroin) exceeding one hundred grams, possessing, manufacturing or while trafficking through airport/by air, by sea or by road, it shall be a non-bailable offence and punishable with imprisonment of not less than fourteen years. and shall also be liable to fine which shall not be less than two million", shall be added.

### STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

Crystal Meth (street name ICE), is a smoking form of "Methamphetamine Hydrochloride" and a refined form of Heroin. It is spreading rapidly amongst the youngsters throughout the country. ICE is a strong intoxicating drug which is more addictive than most other forms of the drugs. ICE cause obsession. hallucination and is notoriously associated with violence. It increases the "fight or flight" reaction which can make people respond more aggressively to situations.

An increase in ICE abuse has been reported recently. An estimated more than 2000 abusers are identified as per informal discussion of Psychiatric Clinics and hospitals in Peshawar city only. It is highly addictive stimulant that can have long term harmful effects on human body. This substance is illegal and has no other purpose than abuse.

To eliminate the menace of ICE in order to discourage its wide spread use and sale amongst youngsters and to make the control of Narcotic Substances Act more effective. Severe punishments, in this regard. is proposed through this Bill.

Sd/-

**(NOOR ALAM KHAN)**
Member. National Assembly

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

**موضوع:- نشہ آور اشیاء کی روک تھام (ترمیمی) بل، ۲۰۲۰ء پر قائمہ کمیٹی برائے انسداد منشیات کی رپورٹ۔**

میں، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے انسداد منشیات ۳۰ر اپریل، ۲۰۱۹ء کو کمیٹی کے سپرد کردہ نشہ آور اشیاء کی روک تھام کے ایکٹ، ۱۹۹۷ء (نمبر ۲۵ بابت ۱۹۹۷ء) میں مزید ترمیم کرنے کے بل [نشہ آور اشیاء کی روک تھام (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۰ء] (نجی رکن کا بل) پر رپورٹ ہذا پیش کرنے کا شرف حاصل کرتا ہوں۔

۲۔ کمیٹی حسب ذیل اراکین پر مشتمل ہے:-

| | | |
|---|---|---|
| ۱۔ | جناب صلاح الدین ایوبی | چیئرمین |
| ۲۔ | جناب گل داد خان | رکن |
| ۳۔ | جناب محمد اقبال خان | رکن |
| ۴۔ | جناب منصور حیات خان | رکن |
| ۵۔ | چوہدری ذوالفقار علی بھنڈر | رکن |
| ۶۔ | جناب محمد امیر سلطان | رکن |
| ۷۔ | جناب وحید عالم خان | رکن |
| ۸۔ | رانا مبشر اقبال | رکن |
| ۹۔ | جناب احسان الحق باجوہ | رکن |
| ۱۰۔ | جناب عبدالمجید خان | رکن |
| ۱۱۔ | سردار محمد خان لغاری | رکن |
| ۱۲۔ | مخدوم جمیل الزمان | رکن |
| ۱۳۔ | محترمہ نزہت پٹھان | رکن |
| ۱۴۔ | میر غلام علی تالپور | رکن |
| ۱۵۔ | محترمہ عندلیب عباس | رکن |
| ۱۶۔ | جناب احسان اللہ ریکی | رکن |
| ۱۷۔ | محترمہ عظمیٰ ریاض | رکن |
| ۱۸۔ | محترمہ شاہدہ اختر علی | رکن |
| ۱۹۔ | محترمہ نصرت واحد | رکن |
| ۲۰۔ | جناب محسن داوڑ | رکن |
| ۲۱۔ | وزیر برائے انسداد منشیات | رکن بالحاظ عہدہ |

۳۔ کمیٹی نے ۱۷ر اکتوبر، ۲۰۱۹ء اور ۱۵ر جنوری، ۲۰۲۰ء کو منعقدہ اپنے اجلاسوں میں منسلکہ۔ الف کے طور پر قومی اسمبلی میں پیش کردہ صورت میں بل پر غور کیا۔ کمیٹی سفارش کرتی ہے کہ قومی اسمبلی پیش کردہ بل کی منظوری نہ دے۔

دستخط/-
(صلاح الدین ایوبی)
چیئرمین
قائمہ کمیٹی برائے انسداد منشیات

دستخط/-
(طاہر حسین)
سیکرٹری

اسلام آباد، ۱۵ر ستمبر، ۲۰۲۰ء

مفسلکہ "الف"

[قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں]

**انسداد نشہ آور مواد ایکٹ، ۱۹۹۷ء میں مزید ترمیم کرنے کا**

**بل**

چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ بعد ازیں ظاہر ہونے والی اغراض کے لئے انسداد نشہ آور مواد ایکٹ، ۱۹۹۷ء (نمبر ۲۵ بابت ۱۹۹۷ء) میں مزید ترمیم کی جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ:۔** (۱) ایکٹ ہذا انسداد نشہ آور مواد (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۱۹ء کے نام سے موسوم ہو گا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہو گا۔

۲۔ **ایکٹ ۲۵ بابت ۱۹۹۷ء کی دفعہ ۹ میں ترمیم۔۔** انسداد نشہ آور مواد ایکٹ، ۱۹۹۷ء میں، دفعہ ۹ میں،۔

(الف) شق (الف) میں، آخر میں لفظ "کم" کے بعد عبارت "ایک گرام سے ایک سو گرام تک ہیروئن (بشمول ایمفیٹامین ر آئس اور دیگر اقسام کی ہیروئن) پروسیس، تیار یا ہوائی اڈوں رہوائی جہاز، سمندر یا سڑک کے ذریعے سمگل کرنے کی صورت میں یہ ایک ناقابل ضمانت جرم ہو گا جو کم از کم دس سال سزائے قید اور کم از کم پندرہ لاکھ روپے جرمانے کا بھی مستوجب ہو گا" کا اضافہ کر دیا جائے گا۔

(ب) شق (ب) میں، آخر میں لفظ "کلو گرام" کے بعد عبارت "ایک سو گرام سے زائد ہیروئن (بشمول ایمفیٹامین ر آئس اور دیگر اقسام کی ہیروئن) پروسیس، تیار یا ہوائی اڈوں رہوائی جہاز، سمندر یا سڑک کے ذریعے سمگل کرنے کی صورت میں یہ ایک ناقابل ضمانت جرم ہو گا جو کم از کم چودہ سال سزائے قید اور کم از کم بیس لاکھ روپے جرمانے کا بھی مستوجب ہو گا" کا اضافہ کر دیا جائے گا۔

**بیان اغراض و وجوہ**

کرسٹل میتھ (عام نام آئس) "میتھ ایمفیٹامین ہائیڈرو کلورائیڈ" تمباکو نوشی کی ایک قسم اور ہیروئن کی خالص شکل ہے۔ یہ ملک بھر کے نوجوانوں میں تیزی سے پھیل رہی ہے۔ آئس بہت زیادہ نشہ آور منشیات ہے جو منشیات کی زیادہ تر اقسام سے زیادہ نشہ آور ہے۔ آئس ہیجانی کیفیت اور ہذیان کا باعث بنتی ہے اور اسے عام طور پر شدت سے منسلک کیا جاتا ہے۔ اس سے "لڑائی یا فرار" جیسے رد عمل میں اضافہ ہوتا ہے جس کے نتیجے میں لوگ مختلف صورتحال میں جارحانہ رد عمل کا مظاہرہ کرتے ہیں۔

حال ہی میں آئس کے استعمال میں اضافہ دیکھا گیا ہے۔ صرف پشاور شہر میں نفسیاتی کلینک اور ہسپتالوں کے ساتھ غیر رسمی گفتگو کے مطابق تقریباً ۲۰۰۰ سے زائد نشے کے عادی افراد کی نشاندہی ہوئی ہے۔ یہ نشے کا عادی بنانے کا بہت بڑا محرک ہے جس کے انسانی جسم پر طویل المیعاد مضر اثرات مرتب ہو سکتے ہیں۔ یہ مواد غیر قانونی ہے اور غلط استعمال کے علاوہ اس کا کوئی اور مقصد نہیں ہے۔

آئس کی لعنت کا خاتمہ کیا جائے تا کہ نوجوانوں میں اس کے وسیع پیمانے پر استعمال میں کمی لائی جائے اور انسداد نشہ آور مواد ایکٹ کو مزید مؤثر بنایا جائے۔ اس ضمن میں بل ہذا کے ذریعے سخت سزائیں تجویز کی گئی ہیں۔

دستخط/۔

**(نور عالم خان)**

رکن، قومی اسمبلی۔